## سوال

(155) نجومی اور کاہنوں کی حقیقت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نجومیوںکاہنوں کی حقیقت کیا ہے ؟ بعض مسلمان بھائی کہتے ہیں کہ عیسائیوں کے نجومیوں کی باتیں مسلمان نجومیوں سے زیادہ سچ ثابت ہوئی ہیں۔ نعوذباللہ۔ اس سے شک پڑتا ہے شاید وہ عیسائیت کی طرف مائل ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نجومی اور کاہن مسلم ہوخواہ غیر مسلم ان کے پاس جانا، ان کی تصدیق وتائید کرنا ایمان سے ہاتھ دھوبیٹھنے کے مترادف ہے ،جبکہ احادیث میں تصریح آئی ہے ۔ (سنن ابوداؤد، کتاب الکہانة والتطیر، باب النہی عن اتیان الکہان)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

**جلد 09 ص**